27/09/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل قادری سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*....... وزیر اعظم نریندر مو دی نے اُڑیشہ میں60 ہزار کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کو کیا قوم کے نام وقف۔

*.......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جمونو کشمیر میں ناگہانی آفات سے تباہ شدہ 5ہزار سے زائد مکانات تعمیر کرانے کےلئے وزیر اعظم اور دیہی ترقی کے وزیر کا کیا شکریہ ادا۔

*....... پورے ملک کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر میں بھی سیوا پرو کے تحت بیداری پروگراموں کا انعقاد جا ری۔

اور

*....... سیاحت کا عالمی دن آج/ / اقتصادی و سماجی ترقی میں سیاحتی سیکٹر کا رول اُجاگر ۔

PM

اُڑیشہ سے 60ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت Jharsuguda وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج والے کئی پروجیکٹوں کا افتتا ح کیا اور کئی ایک کا سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر اعظم نے اس موقعے موبائل ٹاؤروں کا بھی افتتاح کیا۔ Gکی طرف سے تعمیر کئے گئے97ہزار5سونئے BSNL4پر انہوںنے کہا۔

مبارکLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جمونو کشمیر کے دیہی علاقوں میں حالیہ ناگہانی آفات سے تباہ ہوئے5ہزار61مکانات از سر نو تعمیر کرنے کے عمل کو منظوری دینے کےلئے وزیر اعظم نریندر مو دی اور دیہی ترقی کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے تحت اس خصوصی

پروجیکٹ کو منظوری دینے سے ہزاروں کنبوں کو تحفظ دینے کے ساتھ ساتھ اُن کے اقتصادی استحکام کو یقینی بنانے میں بھی مدد ملے گی۔

پہاڑیLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ دیر پا ترقی اور شمولیاتی خوشحالی کا نظریہ جمونو کشمیر میں قبائلی طبقے کے مستقبل کو روشن بنانے میں مدد گار ثابت ہو گا۔ سرینگر میں پہاڑی قبائلی طبقے کی ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ پہاڑی طبقے کو با اختیار بنانا مرکزی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری کی صدارت میں آج کنونشن سینٹر جموں میں مشن یوا کے تحت ایک جاب میلے کا انعقاد کیا گیا۔

سکینہ

وزیر صحت سکینہ ایتو نے آج چولگام کولگام میں ایک عوام در بار منعقد کرکے لوگونکے مسائل اور انکی ترقیاتی ضروریات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوننے تمام جائز مسائل کو حل کرنے کا یقین دلایا۔

سیوا پَرو

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سشاسن یعنی عوامی خدمت اور بہتر حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے
بدلاو

---

اور تر قی کیلئے انتھک کوشش کر رہی ہے۔ غ

سیوا پروکے عنوان سے خصوصی سیریز میں آج ہم حکومت کی طرف سے حب الوطنی کے جذبے کو تقویت بخشنے اور لوگوں کو تاریخ کے ساتھ جوڑنے کےلئے کئے جا رہے اقدامات کو اُجا گر کر رہے ہیں۔

پیش ہے آکاشوانی نیوز ڈیسک کی یہ ر پورٹ۔

Seva

جمونو کشمیر بھر میں بھی سیوا پرو کے تحت اختراعی سرگرمیوں کا انعقاد جا ری ہے۔ سیوا پرو کے تحت مختلف اضلاع میں بیداری کیمپ اور دیگر پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔

سیوا بی جے پی

بی جے پی جموںو کشمیر کے صدر ست شرما نے آج سانبہ میں وزیر اعظم نریندر مو دی کے زندگی سے متعلق ایک نمائش کا افتتاح کیا۔ اس نمائش کا انعقاد سیوا پرو کی جا ری تقریبات کے سلسلے میں کیا گیا۔

شجر کا ریBJP

رام گڈھ میں ایک بڑی شجر کا ری مہم کا  Treli پارٹی کی طرف سے سیوا پکھواڑے کے تحت ڈاکٹردویندر کمار منیال بھی موجود  MLA انعقاد کیا گیا۔ اس موقعے پر پارٹی صدر ست شرما اور تھے۔

مہیلا پرو

سیوا پکھواڑہ مہم کے تحت جموںو کشمیر بی جے پی مہیلا مورچہ کی صدرایڈوکیٹ نہامہاجن کی صدارت میں آج ریحال بشنا میں ایک عوامی بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس دوران ماحولیات اور دیگر موضوعات سے متعلق جانکاری فراہم کی گئی۔

سیوا پولیس

سیوا پرو تقریبات کے تحت جموںو کشمیر پولیس کی طرف سے وادی کے تمام ضلعوں میں کئی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا جن کے دوران لوگوں میں صفائی ستھرائی، سائبر کرائم اور نئے فوجداری قوانین سے متعلق بیداری پیدا کی گئی۔

سکمز کیمپ

سوستھ نا ری سشکت پریوار ابھیان کے تحت آج سکمز کی طرف سے کمیونٹی ہیلتھ سینٹر سمبل میں ایک بڑے طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ کا افتتاح سکمز کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی نے کیا۔

سائیکل ریس

سوچھ اُتسو کے تحت آج دیہی ترقیات محکمے کی طرف سے ہارون سرینگر میں ایک سائیکل ریس کا انعقاد کیا گیا اور شرکاءکو صفائی ستھرائی کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔

### سوستھ ناری

سوستھ نا ری سشکت پریوار ابھیان کے تحت ملک بھر میں اختراعی سرگرمیاں جا ری ہیں جن کا بنیادی مقصد خواتین کے معیار حیات میں بہتری لانا اور انہیں تمام صورتوں میں با اختیار بنا نا ہے۔

یونیورسٹی آسٹریلیا میں سائنس Curtin خواتین کی فلاح و بہبود اور با اختیاری کے تعلق سے کی پروفیسر ڈاکٹر ریکھا کول نے آکاشوانی Humanities ایجوکیشن اور سکول آف ایجوکیشن نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

### اجلاس

جمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سیکریٹری کی طرف سے جاری ایک حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے23اکتوبر کو صبح10بجے سرینگر میں جمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس طلب کیا ہے۔

### بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریناآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

### عالمی دن

آج سیاحت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ آج کے دن اقتصادی و سماجی ترقی میں سیاحتی سیکٹر کے رول کو اُجاگر کیا جاتا ہے۔اس سال اس دن کا موضوع ہے۔

**Tourism and Sustainable Transformation**

اس دن کی اہمیت کے تعلق سے جب ہم نے ٹراول ایجنٹس ایسوسی ایشن آف کشمیر کے صدر فاروق کٹھو سے بات کی توانہوںنے کہا۔

### سیاحتی مقامات

دریں اثناء لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل یونیفائیڈ ہیڈ کواٹرس کی میٹنگ کے بعد جمونو کشمیر میں بند پڑے 12سیاحتی مقامات کو دو بارہ کھولے جانے کا اعلان کیا۔ ان میں آڑو ویلی، ، اکڑ پارک، پادشاہی پارک بجبہاڑہ، دارا شکو باغ اننت ناگ، کمان پوسٹ، Yanner رافٹنگ پوئنٹ سلال Cave ایکو پارک کھادنیار بارہمولہ، ڈگن ٹاپ رام بن، ڈھگر کھٹوعہ ، چنکاہ ریاسی، شیو ریاسی اور پادری ڈوڈہ شامل ہیں۔

پروگرام اطلاع

National Education Policy-2020,

موضوع کے تحت آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ ایک Challenges and A way Forward خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے9بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہوگا۔

پروگرام کے مہمان ہوں گے ڈائریکٹر کالجز جمونو کشمیر پروفیسر شیخ اعجاز بشیر۔

ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے آکاشوانی نیوز سرینگرکے سربراہ طارق راتھر۔

GST

اصلاحات نافذ کرنے سے اب بسیں ، ٹرک اور ایمبولینس گاڑیاں سستی ہو GST ملک میں جدید میں کمی لائی گئی ہے۔ اس تعلق سے GST جائیں گی ۔ اس کے علاوہ آلات کشا ورزی پر بھی پیش ہے یہ پیغام۔

GSTبی جے پی

سے متعلق ایک ورکشاپ سے خطاب GST بی جے پی کے نائب صدر پریا سیٹھی نے آج کٹرہ میں نظام کو مزید GSTکر تے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت والی حکومت نے آسان اور شفاف بنایا ہے جس سے عام لوگوں اور تاجروں کو کا فی فائدہ ملا ہے۔

ہماری ذمہ داری

سماج کے ضرورت مند اور مفلوک الحال طبقے کے لوگوں کی مدد کرنا اور ان کے معیار حیات میں بہتری لانا ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے ۔ پیش ہے اس تعلق سے وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

صاحب ثروت اور آسودہ حال لوگ اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے ان لوگوں کی زندگیوں میں مثبت بدلاؤ لا سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ایک شاعر عبدالمجید ریشی کانلونے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

بلقیس میر

جمونو کشمیر واٹر سپورٹس کیاکنگ اینڈ کینانینگ ایسو سی ایشن نے جموں و کشمیر ایسو سی ایشن آف روینگ اینڈ سکلنگ نے واٹر سپورٹس کلب پوکھری بل سرینگر میں11ویں کنائے سپرنٹ چمپئن شپ اور 7ویں انڈور روینگ چمپئن شپ کا انعقاد کیا ۔ ان مقابلوں کی نگرانی عالمی شہرت یافتہ واٹر سپورٹس ایتھلیٹ بلقیس میر نے کی۔ انہوننے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈ وکیٹ شوکت احمد میر نے آج حلقہ انتخاب ترال کے کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ ان کی پارٹی واحد ایسی عوامی نمائندہ جماعت ہے جو لوگوں کی فلاح و بہبود کےلئے کام کر رہی ہے۔ انہوںنے کارکنوں پر زو ر دیاکہ بنیادی سطح پر لوگوں کی راحت رسانی کےلئے کام کریں۔

عرس

نیشنل کانفرنسل کے سینئر لیڈراور اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ بلند پایہ ولی کامل حضرت شیخ نور الدین نورانی ؒ کے عرس مبارک کے پیش نظر زائرین کےلئے ہرطرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔

داخلہ

ایک اہم فیصلے کے تحت حکومت نے10+2 بائی انیول پاس آوٹس کے لئے جمونو کشمیر کے تمام ڈگری کالجوں میں 4سالہ انڈر گریجویٹ پروگراموں میں29ستمبر سے داخلے کا اعلان کیا ہے۔

راجناتھ سنگھ

ویلفیر محکمے Men وزیر دفاع راجنا تھ سنگھ29اور30ستمبر کو ڈیپارٹمنٹ آف ایکس سروس کی طرف سے منعقد ہونے والے ایک قومی کنکلیو کا افتتاح کریں گے۔

ابھیان

پنچایتی راج کی مرکزی وزارت2اکتوبر سے ملک میں سب کی یوجنا سب کا وِکاس ابھیان شروع کر رہی ہے۔ ایک بیان میں وزارت نے کہا ہے کہ قومی سطح کے اس ابھیان میں اگلے مالی سال کےلئے پنچایت ڈیولپمنٹ منصوبے تیار کئے جائیں گے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور سے خشک رہنے کاامکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30اعشاریہ1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت12اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35اعشاریہ8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر23 منٹ پر اور**

**غروب آفتاب شام6بجکر19منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ**

**..................................................**

**.................................**

**.................**